HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

ای ایف یو لائف - ونڈو تکافل آپریشنز



# ای ایف یو سہارا پلانز

آپ کی خوشیوں کا سائبان!

# ای ایف یو سہارا پلان A



آپ اپنی فیملی کے مالی تحفظ اور سہارے کا ذریعہ ہیں۔ آپ نے اپنی فیملی کے لیئے بہت کچھ کیا ہے اور مستقبل میں بھی آپ چاہیں گے کہ ان کو بہتر سے بہتر زندگی حاصل ہو۔ البتہ، زندگی غیر متوقع ہے اور کوئی بھی فرد مستقبل کے غیر یقینی حالات پر اختیار نہیں رکھ سکتا۔ زندگی ایک مسلسل چیلنج ہے اور ایک محفوظ اور تحفظ شدہ زندگی کے لئے ہمیں اپنے پیاروں کے لئے حفاظتی اقدامات اٹھانے چاہئیں تا کہ ان کو گھر کے سرپرست اور کفیل کے وفات کے بعد اپنے زندگی کی سہولیات پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنا پڑے۔

آپ کے اہل خانہ کو ایک محفوظ مستقبل فراہم کرنے کیلئے، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے، حبیب بینک لمیٹڈ کے ذریعے مارکیٹ کیا گیا، شریعہ سے مطابقت رکھنے والا ایک منفرد حل، **ای ایف یو سہارا پلان A** متعارف کرایا ہے۔ یہ ٹرم تکافل پلان، جو کسی بھی وجہ سے وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تحفظ شدہ رقم کی ادائیگی، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے زیر انتظام وقف فنڈ سے کی جائے گی۔

**ای ایف یو سہارا پلان A** ایک ٹرم تکافل پلان ہے جو تمام تر وجوہات کی بناء پر ہونے والی وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔

شرکاء تکافل کی وفات کی صورت میں، فائدہ حاصل کرنے والا ایک یکمشت رقم حاصل کر سکتا ہے۔ سہارا پلان میں دی گئی زر تکافل کی رقم کو وقف فنڈ، جو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشیز کے زیر انتظام ہے، وکالہ فیس وقف فنڈ سے نکالی جائے گی جس سے اس پلان سے منسلک تمام اخراجات جیسے کہ ایڈمنسٹریشن فیس، منجمنٹ فیس، وغیرہ، ادا کیئے جائیں گے۔

# ای ایف یو سہارا پلان B



کسی بھی غیر متوقع صورت حال کیلئے منصوبہ بندی کرنا اپنے اہل خانہ کے لئے سب سے زیادہ ضروری چیزوں میں سے ایک ہے۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ذریعے آپ اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لئے ایک محفوظ اور تحفظ شدہ مستقبل کی راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں ہم **ای ایف یو سہارا پلان B** متعارف کرا رہے ہیں، ایک ٹرم تکافل اور ہاسپٹلائزیشن پلان جو آپ کو ایک مکمل پیکیج فراہم کرتا ہے۔ **ای ایف یو سہارا پلان B حبیب بینک لمیٹڈ** کے ذریعے مارکیٹ کیا گیا ہے۔ یہ پلان کسی بھی وجہ سے ہونے والی وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے اور اہل خانہ کو کفیل اور سرپرست کی وفات کے بعد آمدنی کے تسلسل کا فائدہ پیش کرتا ہے۔ نہ صرف یہ، بلکہ یہ پلان شرکاء تکافل کی زندگی میں بھی فائدہ مہیا کرتا ہے جیسے کہ ہاسپٹل کیش کا فائدہ جس میں بیمہ شدہ فرد کو، اگر وہ خاص طور پر کسی بھی حادثے یا بیماری کی وجہ سے کسی ہسپتال میں کم از کم چوبیس گھنٹے داخل رہا ہو، ہسپتال کے اخراجات کی ادائیگی میں مدد فراہم کرتا ہے۔ آئی سی یو میں داخلے کی صورت میں یومیہ فائدے کی سو فیصد مساوی اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ فائدے کی رقم کی ادائیگی، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے زیر انتظام وقف فنڈ سے کی جائے گی۔ سہارا پلان میں دی گئی زر تکافل کی رقم کو وقف فنڈ، جو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشیز کے زیر انتظام ہے، وکالہ فیس وقف فنڈ سے نکالی جائے گی جس سے اس پلان سے منسلک تمام اخرات جیسے کہ ایڈمنسٹریشن فیس، منجمنٹ فیس، ٹرانسفر فیس وغیرہ شامل ہیں، ادا کیئے جائیں گے۔

## ای ایف یو سہارا پلان C



کسی بھی قوم کی ترقی کے لئے خواتین کا خودمختار ہونا بہت ضروری ہے۔خواتین کی خودمختاری ہمیشہ ذمہ داریاں ساتھ لے کر آتی ہے اور بعض اوقات خواتین کے پاس اپنی صحت کی دیکھ بھال کے لئے وقت نہیں ہوتا اور صحت میں اچانک خرابی زندگی کی دوڑ میں رکاوٹ پیدا کر دیتی ہے۔ خواتین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے پاس ایسا کوئی منصوبہ ہو جوان کی صحت کا خیال رکھنے میں مددگار ثابت ہو۔اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے پاس خواتین کے تحفظ کا پلان موجود ہے۔جس کے تحت ان کے سال کی طبی اخراجات کا تحفظ فراہم کیا جاتا ہے تاکہ ان کو علاج کے لیئے بچت کی ہوئی رقوم کو استعمال نہ کرنی پڑے۔یہ ضروری ہے کہ آپ کے پاس صحت کا ایک مکمل منصوبہ ہو جو ضرورت کے تحت منصوبے کے طور پر آپ کی مدد کر سکے کیونکہ بہتر مہنگی طبّی سہولیات بعض اوقات ناقابل برداشت ہوتی ہیں۔

ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے **ای ایف یو سہارا پلان C** ،شریعہ کے مطابق درج بالا مسئلے کا حل متعارف کرایا ہے، جو **حبیب بینک لمیٹیڈ** کے ذریعے مارکیٹ کیا گیا ہے۔ یہ پلان کسی بھی وجہ سے ہونے والی وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرتا ہے۔مزید اضافے کے طور پر آمدنی فائدہ شریک تکافل کے شریک حیات کے لئے ہے۔جس کے تحت شریک تکافل کی کسی بھی وجہ سے وفات کی صورت میں اس کے شریک حیات کو ایک ماہانہ تحفظاتی رقم حاصل ہوگی۔ہاسپٹل کیش کا فائدہ ہسپتال کے اخراجات کی بازادائیگی کا پلان ہے جس میں بیمہ شدہ فرد کو کسی بھی حادثے یا بیماری کی وجہ سے خاص طور پر کسی ہسپتال میں کم از کم چوبیس گھنٹے مسلسل کسی فزیشن کی نگرانی میں داخل رہنا پڑے تو کمپنی اخراجات کی رسیدوں کی وصولی اور کلیم کی جانچ پڑتال کے بعد، یومیہ فائدہ ادا کرے گی۔اگر شریک تکافل آئی سی یو میں داخل ہو جائے تو اسکو یومیہ فائدے کی سو فیصد مساوی اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ خواتین کے لئے، پلان میں سیزیرین سیکشن کا فائدہ شامل ہے جو اس کو ایک مکمل پیکیج بنا دیتا ہے جس سے ذہنی سکون حاصل ہوتا ہے۔

**ای ایف یو سہارا پلان** میں دی گئی زرتکافل کی رقم کو وقف فنڈ، جو ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشیز کے زیرانتظام ہے، وکالہ فیس وقف فنڈ سے نکالی جائے گی جس سے اس پلان سے منسلک تمام اخراجات جیسے کہ ایڈمنسٹریشن فیس، منجمنٹ فیس، وغیرہ، ادا کئے جائیں گے۔

### ای ایف یو لائف کے تکافل آپریشنز

ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اپنے صارفین کی اہمیت پر گہری توجہ مرکوز رکھتے ہوئے اخلاقی اور شریعہ سے مطابقت رکھنے والے مالیاتی منصوبہ بندی کے حل پیش کر رہا ہے۔ تکافل پروڈکٹ مشترکہ مقصد کے لئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت چلائے جانے والے وقف فنڈ کے توسّط سے، باہمی تعاون، بھائی چارے، باہمی مفاہمت اور یک جہتی کے ذریعے آپ کے نقصان کے احتمال میں حصہ لینے کے لئے آپ کی مدد کرتی ہے۔

## کیافوائد فراہم کیے جاتے ہیں؟ پلان A ,B ,C

### بینیفٹ اور کنٹریبیوشن

**ای ایف یو لائف سہارا پلان A** شریک تکافل کی منتخب کیے گئے بینیفٹ اور کنٹریبیوشن کی رقم کے لئے درج ذیل انتخاب پیش کرتا ہے:

| پروڈکٹ | ٹرم تکافل (تحفظ) | سالانہ کنٹریبیوشن |
|---|---|---|
| انتخاب | طبعی اور حادثاتی وفات کی صورت میں فائدہ | |
| A | 125,000 | 500 |
| A1 | 500,000 | 2,000 |
| A2 | 1,000,000 | 3,750 |
| A3 | 2,000,000 | 7,500 |

تمام رقوم پاکستانی روپوں میں ہیں

**ای ایف یو سہارا پلان B** شریک تکافل کی منتخب کیے گئے بینیفٹ اور کنٹریبیوشن کی رقم کے لئے درج ذیل انتخاب پیش کرتا ہے:

| پروڈکٹ | ٹرم تکافل | آمدنی فائدہ | ہاسپٹل کیش ۔ فرد واحد | | سالانہ کنٹریبیوشن |
|---|---|---|---|---|---|
| انتخاب | طبعی اور حادثاتی وفات کی صورت میں فائدہ | طبعی اور حادثاتی وفات کی صورت میں فائدہ | یومیہ نقد فائدہ | یومیہ آئی سی یو کا فائدہ | |
| B1 | 640,000 | NA | 2,000 | 4,000 | 4,300 |
| B2 | 1,360,000 | *600,000 | 3,000 | 6,000 | 10,000 |

تمام رقوم پاکستانی روپوں میں ہیں

* مسلسل بارہ مہینوں کے لئے 50,000 روپے ادا کیے جائیں گے۔

**ای ایف یو سہارا پلان C** شریک تکافل کی منتخب کیے گئے بینیفٹ اور کنٹریبیوشن کی رقم کے لئے درج ذیل انتخاب پیش کرتا ہے:

| پروڈکٹ | ٹرم تکافل | آمدنی فائدہ | ہسپتال میں داخلے کی صورت میں | | | سالانہ کنٹریبیوشن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| انتخاب | طبعی اور حادثاتی وفات | طبعی اور حادثاتی وفات (شریک حیات) | یومیہ نقد فائدہ (غیر آئی سی یو) | یومیہ نقد فائدہ (آئی سی یو) | سی سیکشن فائدہ | |
| پلان C | 960,000 | *480,000 | 3,000 | 6,000 | 20,000 | 7,600 |

تمام رقوم پاکستانی روپوں میں ہیں

* مسلسل بارہ مہینوں کے لئے 40,000 روپے ادا کیے جائیں گے۔

## مزید تفصیلات:

### ای ایف یو سہارا پلان A

- اندراج کی عمر: 18 سے 65 سال
- تحفظ کے لئے عمر: 18 سے 66 سال
- مدّت: ایک سال
- تحفظ: کسی بھی باعث موت واقع ہونا
- غور و فکر کا دورانیہ: پلان کے شرائط وضوابط پر نظر ثانی کے لئے اور تحفظ منسوخ کرانے کے لئے پلان کے اجراء سے تیس دن کے اندر اندر آپ غور و فکر کر سکتے ہے۔

## ای ایف یو سہارا پلان B

- اندراج کی عمر 18 سے 64 سال
- تحفظ کے لئے عمر 18 سے 65 سال
- مدّت ایک سال
- تحفظ کسی بھی باعث موت واقع ہونا اور کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں ہسپتال میں داخل ہونا
- غوروفکر کا دورانیہ پلان کے شرائط وضوابط پر نظرثانی کے لئے اور تحفظ منسوخ کرانے کے لئے پلان کے اجراء سے تیس دن کے اندر اندر آپ غوروفکر کر سکتے ہے۔

ویٹنگ پیریڈ (اجراج کا دورانیہ)

- بیماری کے لئے تیس دن
- حادثاتی بینیفٹ کیلیئے کوئی انتظار کا دورانیہ نہیں
- ہسپتال میں یکے بعد دیگرے داخلے کے درمیان تیس دن کا دورانیہ
- سال میں ہسپتال میں زیادہ سے زیادہ قیام 180 دن کا دورانیہ

## ای ایف یو سہارا پلان C

- اندراج کی عمر 18 سے 65 سال
- تحفظ کے لئے عمر 18 سے 70 سال
- مدّت ایک سال
- تحفظ کسی بھی باعث موت واقع ہونا اور کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں ہسپتال میں داخل ہونا
- غوروفکر کا دورانیہ پلان کے شرائط وضوابط پر نظرثانی کے لئے اور تحفظ منسوخ کرانے کے لئے پلان کے اجراء سے تیس دن کے اندر اندر آپ غوروفکر کر سکتے ہے۔

ویٹنگ پیریڈ (اخراج کا دورانیہ)

- بیماری کے لئے تیس دن
- حادثاتی بینیفٹ کیلیئے کوئی انتظار کا دورانیہ نہیں
- ہسپتال میں یکے بعد دیگرے داخلے کے درمیان تیس دن
- سال میں ہسپتال میں زیادہ سے زیادہ قیام 180 دن

## تحفظ میں کیا شامل نہیں ہے؟

یہ پالیسی کوئی تحفظ فراہم نہیں کرتی اور نہ ہی کوئی فوائد ادا کئے جاتے ہیں اگر ذیل میں درج کسی وجہ سے کلیم واقع ہوا ہو:

## ای ایف یو لائف سہارا پلان A

- کوئی بھی پہلے سے موجود کیفیات جو اندراج کی تاریخ سے تیس دن کے بعد بیمہ کی جائیں۔
- خودکشی، از خود جسمانی ضرب پہنچانا اور رُکن کا کوئی غیر قانونی فعل
- طبّی مشورہ حاصل نہ کرنا یا اس پر عمل نہ کرنا، الکحل یا منشیات کا استعمال
- مسلح افواج یا پیرا ملٹری افواج کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے کسی بھی قسم کی مشقوں یا آپریشن میں حصہ لینا یا پولیس کے فرائض کی کوئی بھی نوعیت
- بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے: کسی بھی قسم کی جنگ، قبضہ، غیر ملکی دشمن کے کسی عمل، دشمنیوں (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)، مسلح یا غیر مسلح جنگ بندی، خانہ جنگی، بغاوت، سرکشی، ملٹری یا غاصب طاقت کی بغاوت یا، فساد یا شہری ہنگاموں، کسی غیر قانونی تنظیم، کسی صنعتی جھگڑے کے باعث موت واقع ہونا یا کسی ایسی جگہ پر جو جنگ زدہ علاقہ قرار دیا گیا ہو یا جہاں اقوام متحدّہ امن بحال کرنے کی سرگرمیوں میں مشغول ہو۔

## ای ایف یو لائف سہارا پلان B

### ٹرم تکافل اور آمدنی فائدے کے لئے:

- کوئی بھی پہلے سے موجود کیفیات جو اندراج کی تاریخ سے تیس دن کے بعد بیمہ کی جائیں۔
- خودکشی، از خود جسمانی ضرب پہنچانا اور رُکن کا کوئی غیر قانونی فعل
- طبّی مشورہ حاصل نہ کرنا یا اس پر عمل نہ کرنا، الکحل یا منشیات کا استعمال
- مسلح افواج یا پیرا ملٹری افواج کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے کسی بھی قسم کی مشقوں یا آپریشن میں
- حصہ لینا یا پولیس کے فرائض کی کوئی بھی نوعیت
- بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے: کسی بھی قسم کی جنگ، قبضہ، غیر ملکی دشمن کے کسی عمل، دشمنیوں (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)، مسلح یا غیر مسلح جنگ بندی، خانہ جنگی، بغاوت، سرکشی، ملٹری یا غاصب طاقت کی بغاوت یا، فساد یا شہری ہنگاموں، کسی غیر قانونی تنظیم، کسی صنعتی جھگڑے کے باعث موت واقع ہونا یا کسی ایسی جگہ پر جو جنگ زدہ علاقہ قرار دیا گیا ہو یا جہاں اقوام متحدّہ امن بحال کرنے کی سرگرمیوں میں مشغول ہو۔

### ہاسپٹل کیش کے لئے:

- صرف تشخیصی مقاصد کے لئے ہسپتال میں داخل ہونا یا طبّی مشورہ حاصل نہ کرنا؛
- از خود جسمانی ضرب پہنچانا، اقدام خودکشی، الکحل کا استعمال، منشیات کی عادت یا ان کا استعمال، کسی جنسیاتی طور پر منتقلی ہونے والی بیماریوں یا شریک تکافل کے غیر قانونی عمل کے نتیجے میں لگنے والی چوٹوں کا علاج؛
- حمل، اسقاط حمل، بچے کی پیدائش یا کوئی مہلک بیماری جو خاتون کے تولیدی عضلات میں یا ان کے سلسلے میں پیدا ہو۔

## ای ایف یو لائف سہارا پلان C

### ٹرم تکافل اور آمدنی فائدے کے لئے:

- کوئی بھی پہلے سے موجود کیفیات جو اندراج کی تاریخ سے تیس دن کے بعد بیمہ کی جائیں۔

- خودکشی، ازخود جسمانی ضرب پہنچانا اور رُکن کا کوئی غیر قانونی فعل
- طبّی مشورہ حاصل نہ کرنا یا اس پر عمل نہ کرنا، الکحل یا منشیات کا استعمال
- مسلح افواج یا پیرا ملٹری افواج کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے کسی بھی قسم کی مشقوں یا آپریشن میں حصہ لینا یا پولیس کے فرائض کی کوئی بھی نوعیت
- بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے: کسی بھی قسم کی جنگ، قبضہ، غیر ملکی دشمن کے کسی عمل، دشمنیوں (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں)، مسلح یا غیر مسلح جنگ بندی، خانہ جنگی، بغاوت، سرکشی، ملٹری یا غاصب طاقت کی بغاوت یا، فساد یا شہری ہنگاموں، کسی غیر قانونی تنظیم، کسی صنعتی جھگڑے کے باعث موت واقع ہونا یا کسی ایسی جگہ پر جو جنگ زدہ علاقہ قرار دیا گیا ہو یا جہاں اقوام متحدہ امن بحال کرنے کی سرگرمیوں میں مشغول ہو۔

## ہاسپٹل کیش کے لئے:

- صرف تشخیصی مقاصد کے لئے ہسپتال میں داخل ہونا یا طبّی مشورہ حاصل نہ کرنا؛
- ازخود جسمانی ضرب پہنچانا، اقدام خودکشی، الکحل کا استعمال، منشیات کی عادت یا ان کا استعمال، کسی جنسیاتی طور پر منتقلی ہونے والی بیماریوں یا بیمہ دار رکن کے غیر قانونی عمل کے نتیجے میں لگنے والی چوٹوں کا علاج؛
- قدرتی آفات، وبائی آفات، بشمول زلزلہ، برفانی طوفان اور طوفان لیکن صرف ان ہی تک محدود نہیں، ان کے باعث ہونے والی بیماری یا چوٹ

## سی سیکشن کے لئے:

کوئی بھی پہلے سے موجود کیفیت

## کلیم پیش کرنے کا طریقہ:

کلیم کا تحریری نوٹس ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کو فوری طور پر دیا جائے لیکن کسی بھی صورت میں واقعہ ہونے کے بعد نوّے دن سے زیادہ نہ ہو۔

تمام کلیم میں ان کا ثبوت اور شریک تکافل کی عمر کا ثبوت درکار ہوگا۔ صارف، درج ذیل دستاویزات کے ساتھ، کلیم پیش کرنے کے لئے claims@efulife.com پر ای میل کرسکتا ہے یا ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے براہ راست 111-EFU-HEM (111-338-436) پر رابطہ کرسکتا ہے:

## ٹرم لائف کے لئے:

- نادرا یا یونین کونسل کے جاری کردہ وفات سرٹیفیکیٹ کی نقل
- شریک تکافل (جس کی وفات ہوئی ہو) اور کلیم پیش کرنے والے کے قومی شناختی کارڈ کی نقل
- کلیم پیش کرنے والے کا بیان
- جانشینی سرٹیفیکیٹ اور اصل سرپرستی سرٹیفیکیٹ (فائدہ حاصل کرنے والے کے نابالغ ہونے کی صورت میں)
- کلیم فارم مع دستخط
- کوئی اور دستاویز جو ای ایف یو لائف ضروری سمجھے

### ہاسپٹل کیش کے لئے:

- ہسپتال کے علاج کا ریکارڈ جس میں ہسپتال میں داخلے اور اخراج کی تاریخ، طبّی تشخیص اور علاج شامل ہو
- صارف کے قومی شناختی کارڈ کی نقل
- پولیس اور میڈیکو لیگل رپورٹ اگر ہسپتال میں داخلہ کسی حادثے، تشدد اور اقدام خودکشی کی وجہ سے ہو
- حادثے کی صورت میں، علاج کے اخراجات کی رسیدیں اور ڈاکٹر اور ہسپتال کی جانب سے جاری کئے گئے نسخے
- علاج کرنے والے فزیشن کی رپورٹ
- تمام طبّی ریکارڈ کی نقول
- کوئی اور دستاویز جو ای ایف یو لائف ضروری سمجھے

### سی سیکشن کے لئے:

- سی سیکشن کے اخراجات کی رسیدیں اور ڈاکٹر اور ہسپتال کی جانب سے جاری کئے گئے نسخے
- صارف کے قومی شناختی کارڈ کی نقل
- ہسپتال کے علاج کا ریکارڈ جس میں ہسپتال میں داخلے اور اخراج کی تاریخ، طبّی تشخیص اور علاج شامل ہو
- کوئی اور دستاویز جو ای ایف یو لائف ضروری سمجھے

### حادثاتی طبّی بازادائیگی کے لئے:

- صارف کے قومی شناختی کارڈ کی نقل
- پولیس اور میڈیکو لیگل رپورٹ اگر ہسپتال میں داخلہ کسی حادثے، تشدد اور اقدام خودکشی کی وجہ سے ہو
- حادثے کی صورت میں، علاج کے اخراجات کی رسیدیں اور ڈاکٹر اور ہسپتال کی جانب سے جاری کئے گئے نسخے
- علاج کرنے والے فزیشن کی رپورٹ
- تمام طبّی ریکارڈ کی نقول
- کوئی اور دستاویز جو ای ایف یو لائف ضروری سمجھے

### دستبرداری:

ای ایف یو سہارا پلان A،B اور C ٹرم تکافل اور ہسپتال کیش فوائد کے پلانز ہیں اور یہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے انڈررائٹ کئے گئے ہیں اور اس کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں اور ای ایف یو لائف کے قواعد وضوابط سے مشروط ہیں، جس کا مرکزی دفتر پلاٹ نمبر ۱۱۲، ۸ ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، فیز ون، کراچی، پاکستان 75500 پر واقع ہے۔ ای ایف یو سہارا پلان A،B اور C صرف پروڈکٹس کا نام ہے اور کسی بھی طور پر وڈکٹ کے معیار کی نشاندہی نہیں کرتا۔ بینک ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے ان پلانز کے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ بینک کسی بھی طور ذمّہ دار نہیں ہوگا اگر آپ کی درخواست یا کلیم ای ایف یو لائف کی طرف سے ردّ کر دیا جائے گا نہ ہی کلیم کی اہلیت کے متعلق کوئی چھان بین کرے گا یا کوئی رائے فراہم کرے گا۔

**ای ایف یو لائف ۔ ونڈو تکافل آپریشنز**

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ،
فیز 1، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان

Email:gbd@efuhemayahtakaful.com